GENERATION NEW ERA
A STUDY OF CHILDREN BORN IN THE 2020s

Ipsos

اگر آپ کو بڑے پرنٹ کی ضرورت ہو،
تو ہمیں درج ذیل نمبر پر مفت فون کریں
0800 151 0610 یا ای میل
gnestudy@ipsos.com

آپ کو جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) کا حصہ بننے کے لیے مدعو کیا گیا ہے

محترم والدین،

ہم آپ کے ساتھ **جنریشن نیو ایرا** (GENERATION NEW ERA) **کا حصہ بننے** کی دعوت دینے کے لیے رابطہ کر رہے ہیں – جو کہ 2022 میں پیدا ہونے والے کئی ہزار بچوں اور ان کے خاندانوں کا ایک بالکل نیا مطالعہ ہے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ چند ماہ قبل آپ کو ہماری طرف سے ایک خط موصول ہوا تھا۔

جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA)، 20 سال سے زائد عمر کے افراد کے لیے برطانیہ بھر کا اپنی نوعیت کا پہلا مطالعہ ہے۔ اس کا مقصد ہماری بدلتی ہوئی دنیا میں لوگوں کی اس مخصوص نسل کی زندگیوں کا مطالعہ کرنا ہے۔ بچوں کی صحت اور نشوونما میں اہم نئی بصیرتیں فراہم کر کے، جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) برطانیہ میں اس نسل سے تعلق رکھنے والے بچوں اور خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے محققین، حکومتوں اور خدمات فراہم کرنے والوں کی مدد کرے گا۔

آپ کے خاندان کے پاس اس اہم سائنسی تحقیق کا حصہ بننے کا ایک شاندار موقع موجود ہے، جو آنے والے کئی سالوں تک حصہ لینے والے خاندانوں اور بچوں کی زندگیوں کو فائدہ دے گا۔

آپ کے خاندان کا انتخابسرکاری محکموں اور صحت عامہ کی ایجنسیوں کے پاس موجودپیدائش کے ریکارڈ کی مدد سے ایک بے ترتیب طریقے سے کیا گیا تھا۔ ان اداروں نےجنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) کو آپ اور آپ کے بچے کے حوالے سے آپ لوگوں کا نام، پتہ اور اضافی معلومات فراہم کی ہیں۔ ہم نے ایک **کتابچہ** بھی منسلک کیا ہے جو مطالعہ کے لیے آپ کا رہنما ہے۔

جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) کی قیادت یونیورسٹی کالج لندن میں سنٹر فار لانگیچیوڈینل اسٹڈیز کر رہی ہے۔Ipsos ، ایک خودمختار تحقیقی ادارہ، ہماری جانب سے معلومات اکٹھی کر رہا ہے۔ اس کی ادائیگی اکنامک اینڈ سوشل ریسرچ کونسل کرتی ہے۔

حصہ لینے میں کیا شامل ہے؟

ہم ہر بچے کی زندگی کا ایک مکمل تصوّر حاصل کرنے میں مدد کے لیے ان کی ماں اور باپ کے خیالات سننا چاہتے ہیں۔ ہم والدین میں سے کسی ایک کو مدعو کریں گے، جو عام طور پر بچے کے ساتھ زیادہ وقت گزارتا ہے اور ایک انٹرویو کنندہ ان کے ساتھ 60 منٹ کا ایک انٹرویو مکمل کرے گا۔ ہم والدین میں سے دوسرے فرد کو 30-40 منٹ کا ایک علیحٰدہ انٹرویو مکمل کرنے کا کہیں گے، جو آمنے سامنے پر یا آن لائن طور پر بھی مکمل کیا جا سکتا ہے۔ انٹرویو میں آپ کو اپنے اور اپنے بچے کے بارے میں کچھ سوالات کے جوابات دینا ہوں گے۔

ہم ایسے والد/والدہ کو بھی شامل کرنا چاہیں گے جو اپنے بچے کی والدہ/والد سے الگ رہتے ہیں، چاہے بچے کے ساتھ ان کا روزمرہ کا تعامل جتنا بھی ہوتا ہو۔ ہم ہر والد/والدہ کو حصہ لینے کے لیے مدعو کرنے کے لیے، اگر دستیاب ہو تو، پیدائش کے ریکارڈ سے معلومات استعمال کریں گے۔ اگر آپ ترجیح دیتے ہیں کہ ہم آپ کے بچے کے والد/والدہ کے ساتھ مزید کوئی رابطہ نہ کریں یا اگر آپ کو اس بارے میں کوئی تشویش ہو، تو براہ کرم اس خط کے آخر میں موجود رابطے کی تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے ہم سے رابطہ کریں۔

براہ کرم صفحہ پلٹیں →

آپ کے وقت کے لیے شکریہ کے طور پر، انٹرویو دینے والے ہر والد/والدہ کو ایک عدد واؤچر بھی ملے گا۔ انٹرویو انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی مکمل کیا جا سکتا ہے۔ حصہ لینا مکمل طور پر آپ پر منحصر ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اس اہم تحقیق کا حصہ بننے کا فیصلہ کریں گے اور آپ انٹرویو سے لطف اندوز ہوں گے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کو ہر چند سالوں میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا جائے گا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آپ کا بچہ عمر میں اضافے کے ساتھ کیسے آگے بڑھ رہا ہے۔ حصہ لینے کا فیصلہ کرنا ہمیشہ آپ کے اپنے اختیار میں ہے۔

اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

Ipsos کی جانب سے ایک تربیت یافتہ انٹرویو لینے والا شخص آنے والے دنوں میں آپ کے پتے پر آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ معلوم کرے کہ آیا آپ حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔ وہ آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے میں خوش ہوں گے۔ اگر آپ باہر ہوئے یا وہ وقت آپ کے لیے آسان نہ ہوا، تو انٹرویو لینے والا شخص آپ کے بہتر وقت پر واپس آئے گا۔ اگر آپ حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو انٹرویو لینے والا شخص آپ کے لیے

انٹریو کا ایک آسان دن اور وقت مقرر کر دے گا۔

چونکہ ہمارے پاس صرف آپ کا نام اور پتہ ہی موجود ہے، لہٰذا انٹرویو کنندہ آپ کو ای میل یا ٹیکسٹ نہیں کر سکتا۔ تاہم، آپ اس خط کے ساتھ شامل کردہ کارڈ سے اپنے انٹرویو لینے والے کے بارے میں کچھ تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم، آپ اس خط کے ساتھ شامل کردہ کارڈ سے اپنے انٹرویو لینے والے کے بارے میں کچھ تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔

انٹرویو کنندہ کے پاس ایک شناختی کارڈ موجود ہو گا جس پر اس کی تصویر لگی ہوئی ہو گی۔

اگر آپ حصہ نہیں لینا چاہتے، تو براہ کرم اس خط کے آخر میں موجود رابطے کی تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بتا دیں – ہم انٹرویو لینے والے کو یہ بتا دیں گے اور ہم آپ سے مزید رابطہ نہیں کریں گے۔

کوئی سوال ہے؟

مطالعہ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں: gnestudy.info یا آپ درج ذیل ای میل پر Ipsos کی اسٹڈی ٹیم سے براہ راست رابطہ بھی کر سکتے ہیں:

- ای میل: gnestudy@ipsos.com
- مفت فون: 0800 151 0610
- فری پوسٹ IPSOS GNE اسٹڈی

آپ کی مدد کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہمیں بہت امید ہے کہ آپ اس تاریخی مطالعہ کا حصہ بننے کا فیصلہ کریں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،

پروفیسر الیسہ گڈمین CBE
اسٹڈی ڈائریکٹر، یوکے
یونیورسٹی کالج لندن